06/03/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سیدمبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........وزیر اعظم نریندرمودی کا اُترا کھنڈ کو سال بھر کا ایک اہم سیاحتی مقام بنانے کی ضرورت پر زور۔

*........قانون ساز اسمبلی کا اجلاس خوش اسلوبی سے جاری //متعدد ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات کو کیا اجا گر ۔

*........وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بنگس کو اہم سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دینے کا دُہرایا حکومت کا عزم ۔

اور

*........لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کی74ویں میٹنگ منعقد// استھاپن پر بہتر سے بہتر سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت۔

اُترا کھنڈPM

وزیر اعظم نریندر مودی نے اترا کھنڈ کو سال بھر کا ایک سیاحتی مقام بنانے کی علاقےمیں ایک عوامی اجتماع سے Harsil ضرورت پر زور دیا ہے۔ اتر کاشی کے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ریاست کیلئے سرمائی سیاحت کی اہمیت کو اُجا گر کیا۔ انہوننے اس بات پر زور دیا کہ اب اتراکھنڈ سیاحت میں آف سیزن نہیں ہوگا اور یہاں سال بھر سرگرمیاں جاری رہینگی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ دہائی اترا کھنڈ کی ہے ، جس میں ترقی کے نئے امکانات موجود ہیں۔

وزیر اعلیٰ بنگس

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت بنگس کو ایک آف بیٹ سیاحتی مقام کے طور پر ترقی دینے کا ارادہ رکھتی ہے اور وہاں سیاحوں کیلئے بنیادی سہولیات قائم کرنے کی خاطر رقومات بھی مختص کئے گئے ہیں ۔ وہ آج قانون ساز اسمبلی میں شیخ خورشید کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔

سروے

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ایوان میں سال 2024-25 کے اقتصادی سروے کی رپورٹ پیش کی ۔

وقفہ سوال

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کما ر چودھری نے کہا ہے کہ بنی میں بھینی نالے پر کلورا تیار کیا گیا ہے ۔ DPRن کے مقام پر پُل کی تعمیر کےلئے پانچ کروڑ83 لاکھ روپے کا وہ اسمبلی میں رامیشور سنگھ کے سوال کا جواب دے رہے تھے۔

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے آج قانون ساز اسمبلی میں وزیر اعلیٰ عمر میر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ میونسپل کمیٹی ڈورو GA عبداللہ کے بدلے نے کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگانے کیلئے تمام گھرونمیں کوڑے دان تقسیم کئے ہیں۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے پیر زادہ محمد سعید کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ دریائے جہلم کے مختلف مقامات پر فلڈ منیجمنٹ پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے کے تحت تحفظاتی کام ہاتھ میں لئے جا رہے ہیں ۔ا س موقعے پر بشیر احمد ویری اور تنویر صادق نے ضمنات ابھارے ۔

شمیمہ فردوس کے سوال کے جواب میں جل شکتی کے وزیر نے کہاکہ سرینگر کے تمام علاقوں میں لوگوں کو محکمہ

کی طرف سے پینے کا صاف پانی فراہم کیا جا رہا ہے ۔ ۂ

مبارک گل نے اس موقعے پر ضمنی سوال پوچھا ۔

ریاض احمد خان کے سوال کے جواب میں جاوید احمد رانا نے یقین دلایا کہ حکومت تمام دور دراز علاقوں میں لوگوں کو بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے کی وعدہ بند ہے۔

صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے سلمان ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جانکاری دی کہ برزہامہ اسپتال کومتبادل جگہ پر تعمیر کیا جائے گا اور اس پروجیکٹ کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے رقومات بھی دستیاب کرائی جائیں گی ۔

وزیر موصوفہ نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے سریندر کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مختلف ریو نیو خدمات سے استفادہ کرنے کی خاطر ایک آن لائن پورٹل تیار کیا ہے۔

اسمبلی بحث

جمونو کشمیر اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے چوتھے دن آج لیفٹننٹ گورنر کے خطبے سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث جا ری رہی۔ کئی ارکان نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے عوامی نوعیت کے معاملات کو اُجاگر کیا۔ شکریہ کی تحریک پر بولتے ہوئے اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے پچھلے چند برسوں کے دوران یوٹی میں عملائے گئے ترقیاتی پروجیکٹوں پر روشنی ڈالی، جن دیگر ارکان نے بحث میں حصہ لیا ، ان میں اعجاز احمدجان ، ڈاکٹر شفیع احمد وانی، سجاد غنی لون، محمد یوسف تاریگامی، معراج ملک، الطاف احمد وانی، علی محمد ڈار، شکتی راج پریہار، ریاض خان، رنبیر سنگھ پٹھانیہ، چودھری محمد اکرم، پیارے لال شرما، شیخ خورشید، ڈاکٹر سجاد شفیع اوڑی، شبیر کلے، پون گپتا اور جاوید حسن بیگ شامل ہیں۔

راج بھون جموں میں آج لیفٹننٹ گورنر منوج سنہاکی صدارت میں شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کی74ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر بورڈ کی طرف سے عملائے جارہے مختلف پروجیکٹوں اور شری ما تا ویشنو دیوی شردھالوؤں کےلئے دستیاب رکھی جارہی سہولیات سے جڑے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ایل جی نے بورڈ کے سی ای او کو ہدایت دی کہ وہ استھا پن میں قابل تجدید توانائی کے ذرائع کو بروئے کار لانے کے امکانات تلاش کریں۔ میٹنگ میں ایل جی کے پرنسپل سیکریٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری اور شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر انشل گرگ کے علاوہ بورڈ کے دیگر ممبران بھی موجو د تھے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے محکمہ سیاحت کو جمونو کشمیر کے تمام اضلاع میں ہوم سٹے قائم کرنے کےلئے ایک جامع لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری کہا کہ ہوم سٹے سیاحتی منظر اور PMEGPنامے کو تقویت بخشنے میں ایک اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے پی ایم سوریہ گھر یوجنا جیسے پروگراموں کو محکمہ سیاحت کے ساتھ مربوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف موسیقار اور صدا کار راجا بلال کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

رمضان

رمضان المبارک کا پہلا عشرہ یعنی عشرہ رحمت ان دنوں جا ری ہے۔ ماہ صیام ہمیں تقویٰ، پرہیز گاری اور پاکیزگی حاصل ء کرنے کے ساتھ ساتھ قربِ الٰہی حاصل کرنے کا بھی ایک بہترین موقع فراہم کر تا ہے اور یہ بابرکت مہینہ سماج کے ہر ایک طبقے کےلئے ایک خاص پیغام لیکر آتا ہے۔ ملازمت پیشہ لوگوں کیلئے رمضان المبارک کے مہینے کے پیغام کے تعلق سے جب ہم نے وادی کے ایک معروف اسلامی اسکا لر اور عالم دین مولانا شوکت حسین کینگ کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

معاہدہ

سیاحت کو River Cruiseاِن لینڈ واٹر ویز اتھارٹی آف انڈیا نے جمونو کشمیر میں
فروغ دینے کےلئے جمونو کشمیر حکومت کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط
کئے ہیں۔ اس مفاہمت نامے پر سرینگر میں منعقدہ چنتن شِور کے حاشیے پر جہاز
رانی اور واٹر ویز کے مرکزی وزیر سربانندہ سونوال // شپنگ کے وزیر مملکت
شانتنو ٹھاکر اور جموں و کشمیر کے ٹرانسپورٹ کے ستیش شرما کی موجودگی میں
دستخط کئے گئے۔مفاہمت نامے کی رو سے جمونو کشمیر میں تین آبی گذر گاہوں کو
نیشنل واٹر ویز کا درجہ دیا جائے گا ، جن میں دریائے چناب ، دریائے جہلم اور
دریائے راوی شامل ہیں۔

ممبئی میں یکم مئی سے چار مئی تک منعقد ہونے والے ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹر
ٹینمنٹ سمٹ کیلئے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں ۔ سمٹ میں مختلف مقابلوں
کیلئے اب تک 77ہزار سے زائد رجسٹریشنز عمل میں لائی گئی ہیں، جن میں پانچ
سو سے زیادہ بین الاقوامی شرکاءبھی شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق اختراع کاروں
WAVES کےلئے 15چلینجوں میں رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔واضح رہے کہ
اختراعیت ، تخلیقیت اور نئے ٹیلنٹ کو فروغ دینے کا ایک عالمی پلیٹ فارم ہوگا اور
اس کی بدولت عالمی میڈیا اور انٹر ٹینمنٹ صنعت کو ایک نئی جہت دینے میں بھی
مدد ملے گی۔

دریں اثنا پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکٹو آفیسرگورو دیویدی نے آج روس کے
کلچرکے ڈپٹی منسٹر کے ساتھ ماسکو مینملاقات کی ۔ انہوں نے ثقافتی اور فلمی
رشتوں کو مضبوط کرنے سے جڑے امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ گورو
-WAVES دیویدی نے انہیں ممبئی میں یکم مئی سے چار مئی تک منعقد ہونے والے
میں شرکت کرنے کی دعوت دی ۔ 2025

کشمیرIGP

آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے پولیس کے دیگر اعلیٰ افسروں کے ہمراہ آج
پولیس سٹیشن چاڈورہ میں تھانہ دِوس کا انعقاد کیا۔ اس دوران انہوں نے لوگوں کو
درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ آئی جی پی نے لوگوں کو یقین دلایا
کہ اُجاگر کئے گئے معاملات پر حل کرنے کےلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ بعد
کے ہمراہ ضلع کے دوردراز SSPاور بڈگام کے DIGنے وسطی کشمیر کے IGPمیں

علاقوں سورسیار اور برنوار کا دورہ کیا اور لوگوں کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

پولیس

پولیس نے واکورہ گاندربل کے دانش احمد ڈار اور ززنا گاندربل کے شاہجان احمد پرہ نامی دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔

پولیس جا وید اقبال متو کی صدارت میں آج کوکرناگ میں DIG جنوبی کشمیر کے تھانہ دِوس کا اہتمام کیا گیا جس میں لوگوں کو نئے فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

اُدھر کولگام اور ہندوارہ میں بھی پولیس کے اعلیٰ افسروں کی صدارت میں تھانہ دِوس کا انعقاد کیا گیا۔

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج نگروٹہ حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اُجاگر کئے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ ست شرما نے نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی سرکار پر الزام لگایا کہ وہ بقول انکے لوگونکے جذبات کے ساتھ کھلواڑ کر رہی ہے ۔

کولگام

Stroke محکمہ صحت کی ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے آج کولگام کا دورہ کرکے وہاں مریضوں کیلئے علاج و معالجے کی جدید سہولیات کا اعلان کیا ۔اس موقعے پر رانا نے کہا ہمارے نمائندے AGمیڈیکل اسپرانٹینڈنٹ ضلع اسپتال کولگام ڈاکٹر پروگرام بدولت مریضوں کو اب Stroke thrombolysis خورشید پڈرو کو بتایا کہ وقت پر مفت علاج فراہم ہوگا۔

کھیلو انڈیا

شہرہ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ میں 9مار چ سے 12مار چ تک منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا وینٹر گیمز کے دوسرے مرحلے کے سلسلے میں تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ جے اینڈ کے سپورٹس کونسل نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ

میں جانکاری دی ہے کہ ان کھیلوں کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جا رہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جمونکشمیرمیں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15 اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی صفراعشاریہ5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری5بجکر30منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت6بجکر34منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

....

....